**PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ 8159
Dated Peshawar, the 02 /05/2025

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 6th SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 11th, 12th, 13th, 14th and 15th groups at Annexure-II will be taken up on 7th, 8th, 9th, 12th and 13th May 2025, respectively for the 6thSession of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on given link www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-XI**

Endst No & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Senior Private Secretary to Mr., Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of Mr. Speaker.
12. The P.S to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information Chief Secretary.
13. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of honorable Deputy Speaker.
15. The PA to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-XI**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 6TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 11th | Wednesday 7th May, 2025 | • Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education<br>• Food |
| 12th | Thursday 8th May, 2025 | • Communication & Works<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Public Health Engineering |
| 13th | Friday 9th May, 2025 | • Population Welfare<br>• Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum |
| 14th | Monday 12th May, 2025 | • Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |
| 15th | Tuesday 13th May, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبرپختونخوا

چھٹے اجلاس کا گیارواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 7 مئی 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:36 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 711**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ میں دیگر محکموں سے ڈیپوٹیشن پر ملازمین کو تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:

(i) توان ملازمین کی فہرست بمعہ نام، عہدہ، مدت ملازمت اوراب کن آسامیوں پر تعینات ہیں؟ سال 2022 سے تاحال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) انیزان کو کس قانون کے تحت ڈیپوٹیشن پر تعنیات کیا گیا ہے۔؟

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:21 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 850**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں بشمول سوات میں سیلاب کی وجہ سے سکولوں کے انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سوات میں سکولوں کی تعمیر کا کام کب شروع ہوگا اور کب مکمل ہو جائے گا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:28 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 856**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے صوبہ میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ایبٹ آباد میں طلباء وطالبات کے کل کتنے پرائمری مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:33 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 828**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صوبے بھر کے گرلز وبوائز سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے پر اساتذۃ بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کیا مذکورہ آسامیوں کے لیے اشتہار دیا گیا ہے؟ اگر جواب ہاں میں ہو تو اشتہار کی کاپی فراہم کی جائے۔

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں خصوصی افراد کے کوٹے میں کل کتنی آسامیاں کون کون سی کیٹگری میں کن کن سکولوں میں خالی ہیں؟ نیز میل وفی میل سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے کے علاوہ کونسی کیٹیگری میں دیگر آسامیوں پر تقرریاں کب کی گئی تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:04 AM - Thu
سوال نمبر**Question # 718**
**Sent to Dept Date:** Mar 24, 2025 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) رمضان المبارک سال 2024 کے رمضان پیکج پر کل کتنی رقم کس کس مد میں خرچ ہوئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) رمضان پیکج کے تحت غربا اور مساکین میں جو رقم تقسیم ہوئی اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) جن افراد میں رمضان پیکج تقسیم ہوا ان کے نام بمع شناختی کارڈ کاپی اور جتنی رقم دی گئی اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:07 AM - Thu
**Question # 719** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 24, 2025 - Mon
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبہ میں آٹے کی قیمتوں کاتعین کرناصوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:۔

(i)سال2013سے تاحال آٹے کی قیمتوں کاتعین کس طریقہ کار کے تحت کیاگیاہے ؟اورآٹے کی قیمتوں میں ہوشربااضافہ کی وجوہات کیاہیں؟

(ii)سال2013سے تاحال آٹے کی قیمتوں کی تفصیل بمعہ سرکاری نرخنامہ جات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

(iii) آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے حکومت نے کیااقدامات اور فارمولہ طے کیاہے ؟مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:10 AM - Thu
**Question # 720** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 24, 2025 - Mon
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for food state that :
(a)What is the current production per acre of wheat?
(b)What is our need for flour consumption?
(c)What is being done tangibly for ensuring that the flour production is being increased?
(d)What will be the wheat production in the coming year and accordingly flour production and would that suffice the flour demand?

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:15 AM - Thu
**Question # 724** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ باڑہ گلی کیمپس محکمہ ہذاکے زیر نگرانی ہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i)باڑہ گلی کیمپس کی موجودہ حیثیت کیاہے،اس میں کون کون سی سرگرمیاں ہورہی ہیں اور کتنی اراضی پر محیط ہے۔

(ii)کیمپس سے سالانہ کتنی آمدن حاصل ہوتی ہے اور کس طریقہ کار کے تحت محکمہ خزانہ میں جمع کی جاتی ہے ؟

(iii)سال2018سے تاحال مذکورہ کیمپس میں ہونے والی تعلیمی سرگرمیوں پر اُٹھنے والے اخراجات اور کیمپس سے حاصل ہونے والی آمدن کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:16 AM - Thu
**Question # 924** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع کوہستان کے مختلف سرکاری سکولوں میں مردوخواتین اساتذہ کی کمی ہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوضلع کوہستان کے کن کن (گرلزوبوائز) پرائمری،مڈل وہائی سکولوں میں کتنے اور کون کون سے مضامین کے اساتذہ کی کمی ہے اوراس ضمن میں محکمہ نے اب تک کیااقدامات کئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے ؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

چھٹے اجلاس کا بارواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 8 مئی 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date : Mar 19, 2025 -- 09:25 AM - Wed**
**Question # 740** سوال نمبر
**Sent to Dept Date: Mar 27, 2025 - Thu**
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل ہری پور کے اکثر ٹیوب ویلز پر وال مین اور آپریٹرز کی آسامیاں خالی پڑی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ متعدد ٹیوب ویلز پر ایکسین اور ایس ڈی او آفس کے اہلکاروں کی ملی بھگت سے وال مینز اور آپریٹرز نے اپنی جگہ پر کم پیسوں پر پرائیویٹ لوگوں کو رکھا ہوا ہے؟ اور وہ خود دوسرے کام کر رہے ہیں؟ جس کی وجہ سے وہاں کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان پرائیویٹ وال مینوں اور آپریٹرز کی عدم توجہ کی وجہ سے جگہ جگہ وال خراب ہیں پانی کے لائنیں ٹوٹ پھوٹ کا شکا رہو چکی ہیں؟

(د) اگر (الف) و (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) کن کن گاوں کے ٹیوب ویلز پر سرکاری اہکاروں کی جگہ پرائیویٹ لوگ کام کر رہے ہیں؟ اور جو سرکاری ملازم خود اپنی ڈیوٹی نہیں دے رہا اس کے خلاف کیوں تادیبی کاروائی نہیں کی جارہی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کن کن ٹیوب ویلز پر وال مین اور آپریٹرز کی آسامیاں خالی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Mar 19, 2025 -- 09:26 AM - Wed**
**Question # 739** سوال نمبر
**Sent to Dept Date: Mar 27, 2025 – Thu**
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں محکمہ ہذا میں گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک مختلف کیڈرز کی پوسٹیں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) کل کتنی پوسٹیں خالی ہیں؟ اور کیوں خالی ہیں؟ ان میں کون سی اور کتنی آسامیاں ڈائریکٹ Initial recruitment اور محکمانہ پروموشن کے ذریعے پُر کی جاتی ہیں ان کی تفصیل حلقہ وائز بمعہ تحریری دستاویزات مندرجہ ذیل پروفارمہ کے مطابق فراہم کی جائیں۔

نمبر شمار، حلقہ نمبر، خالی پوسٹ کا نام بمعہ گریڈ، خالی ہونے کی تاریخ، خالی پوسٹ پُر کرنے کا طریقہ کار، خالی ہونے کی وجوہات۔

(ii) حکومت نے خالی آسامیاں پُر کرنے کیلئے جو اقدامات اٹھائے ہیں ان کی تفصیل بمعہ کارروائی Recruitment Process بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date : Mar 20, 2025 -- 10:08 AM - Thu**
**Question # 942** سوال نمبر
**Sent to Dept Date: Apr 07, 2025 - Mon**
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی پشاور کے ہر صوبائی حلقہ میں 1000 (ہزار) مستحق افراد میں 10000 (دس ہزار) روپے بطور رمضان پیکج دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر پشاور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ہر ویلج کونسل / نیبر ہوڈ کونسل کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں ایک متعلقہ حلقے کا منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کا فوکل پرسن بھی تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ویلج / نیبر ہوڈ کونسل پی کے 75 میں فوکل پرسنز کس کے کہنے پر نامزد کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے

(ii) پی کے 75 میں کل کتنے افراد کو کتنی کتنی رقوم ادا کی گئی ہیں تمام افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، اکاونٹ نمبر اور ویلج کونسل سطح پر فوکل پرسن کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Mar 20, 2025 -- 10:13 AM - Thu**
**Question # 941سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Apr 07, 2025 - Mon**
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (PDA) نے تعمیر گلیاں اور نالی (ڈرین) براستہ (GT) جی۔ٹی روڈ ایک سکیم شروع کی تھی۔ جو کہ ملوگو اور کندی حیات رشیدہ سے گزار کر باڑہ تک پہنچانا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ سکیم کی منظوری کب ہوئی تھی اور اس کا تخمینہ لاگت کتنا تھا۔

(ii) ٹینڈر کاپی، اخباری اشتہار، ٹھیکدار بمعہ فرم کا نام ورک ارڈر ایشو، تاریخ تکمیل کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(iii) نیز مذکورہ سکیم اب تک کیوں مکمل نہیں ہوا ہے۔ وجوہات بتائی جائیں اور یہ کب تک مکمل ہو گی۔

**Notice Date : Mar 21, 2025 -- 09:44 AM - Fri**
**Question # 938سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Apr 07, 2025 - Mon**
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(لف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے پشاور میں بیو ٹیفیکیشن پراجیکٹ شروع کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سال 2018 سے اب تک محکمہ نے پشاور میں کل کتنے بیو ٹیفیکیشن پراجیکٹ مکمل کئے ہیں اور ہر پراجیکٹ کی لاگت کیا تھی؟

(ii) پودوں کے علاوہ کل کتنے اور Monocot, dicot درخت ان پراجیکٹس میں لائے گئے تھے پودوں کی اقسام بمعہ ان کی قیمت خرید کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ پودے اور درخت کہاں کہاں سے خریدے گئے ہیں ان کی مصدقہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv) جن جگہوں پر جن اقسام اور تعداد میں پودے لگائے گئے ہیں ان مقامات اور پودوں کی تعداد وغیرہ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Mar 21, 2025 -- 09:53 AM - Fri**
**Question # 768 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Mar 26, 2025 - Wed**
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Law state that:

(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons there of:

(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of :

(i) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date : Mar 21, 2025 -- 09:55 AM - Fri**
**Question # 792سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Mar 26, 2025 - Wed**
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈیڈک ایکٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں چیئرمینوں کا انتخاب کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب کر لیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کا جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے کے کتنے اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب عمل میں لایا جا چکا ہے؟۔

(ii) کتنے اضلاع میں مذکورہ ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب تاحال عمل میں نہیں لایا گیا وجوہات بیان کی جائیں۔

**Notice Date : Mar 21, 2025 -- 10:01 AM - Fri**
**سوال نمبرQuestion # 793**
**Sent to Dept Date: Mar 26, 2025 - Wed**
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریاڈیویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ کی میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ نیلام شدہ پلاٹوں کی رقم سے پراجیکٹ ڈائریکٹر، ڈیرہ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے نئی گاڑی کی خریداری سمیت اُس کے دفتر کی تزئین و آرائش بھی کی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ رقم سے نئی گاڑی کی خریداری اور دفتر کی تزئین و آرائش کے لئے رقم کی ادائیگیاں کس کے حکم پر کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Mar 21, 2025 -- 10:03 AM - Fri**
**سوال نمبرQuestion # 794**
**Sent to Dept Date: Mar 26, 2025 - Wed**
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2023-24 اور 2024-25 کے دوران صوبائی حکومت نے ہر حلقہ کو ٹرانسفارمرز مرمت کی مد میں فنڈز جاری کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) کس طریقہ کار کے تحت صوبائی حلقوں کو فنڈز جاری کئے؟ تمام حلقوں کو جاری شدہ فنڈز کی تفصیل فراہم کرے۔

(ii) حلقہ PK-112 ڈیرہ اسماعیل خان کو ٹرانسفارمرز مرمت کی مد میں کتنا فنڈ جاری کیا گیا؟ اور اس مد میں مذکورہ حلقے کا کتنا فنڈ بقایا ہے؟

(iii) متعلقہ حلقہ میں کہاں اور کن علاقوں کے ٹرانسفارمرز کی مرمت کی گئی؟ تمام ٹرانسفارمرز کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date : Mar 21, 2025 -- 10:07 AM - Fri**
**سوال نمبرQuestion # 825**
**Sent to Dept Date: Apr 03, 2025 - Thu**
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جولائی 2018 سے دسمبر 2021 تک ڈی آئی خان میں سڑکیں تعمیر کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی آئی خان میں مذکورہ بالا عرصہ کے دوران کل کتنی کلومیٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

چھٹے اجلاس کا تیرواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 9 مئی 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:27 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 778**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر کھیل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کھیل مختلف کھیلوں کے سالانہ مقابلوں کا انعقاد کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سالانہ کیلنڈر میں کل کتنے کھیلوں کے مقابلے شامل ہیں، کھیلوں کے نام اور ان مقابلوں کے لئے کل کتنا فنڈز جاری کیا گیا ہے۔

(ii) گذشتہ تین سالوں کے دوران کھیلوں کے مقابلوں میں خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں پر کن کن ضلعوں میں اور کون کون سے کھیلوں پر کتنا کتنا فنڈ خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے ۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:31 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 686**
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2023 اور 2024 میں Disposable Non-Sterile Examination Gloves خریدے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ خریدے گئے Gloves کی کل قیمت کیا تھی اور کتنے تعداد میں خریدے گئے ہیں۔ سو(100)، Gloves کی قیمت کتنی تھی؟

(ii) نئے خریدے گئے Gloves مین سٹاک میں کتنے تعداد میں موجود ہیں اور کن کن اضلاع کے ڈی ایچ اوز کو کتنے تعداد میں سپلائی کئے ہیں۔

(iii) جن جن اضلاع کے ڈی ایچ اوز کو Gloves سپلائی کئے گئے ہیں ان سے Receiving Certificate یا کنفرمیشن سرٹیفیکٹ حاصل کئے ہیں؟

(iv) مذکورہ Gloves کے سٹاک جن جن اضلاع کے ڈی ایچ او آفس میں موجود ہیں ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:32 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 692**
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا درست ہے کہ پشاور کے ہسپتالوں میں کتے اور سانپ کے کاٹنے کے علاج کے لیے ویکسین موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور کے ہسپتالوں میں موجود ویکسین کے سٹاک کی تفصیل ہسپتال وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:34 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 779**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 سے 2024 تک محکمہ ہذا کے زیر انتظام صوبے کے تمام اضلاع میں سکیل 2 سے 18 تک بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) صوبے میں کنٹریکٹ، ڈیلی ویجز اور مستقل بنیادوں پر بھرتی ہونے والے ٹیکنیکل، نان ٹیکنیکل، کلریکل، انتظامی آفسران، اور کلاس فور ملازمین کی تعداد، نام، ولدیت، تعلیمی قابلیت، تجربہ و ڈومیسائل ہر ضلع کی گریڈ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ ملازمین جو کنٹریکٹ اور ڈیلی ویجز پر بھرتی ہوئے اُن ملازمین کو مستقل کیا گیا یا اُن کو ترقی دی گئی ہے اُن کے نام، ولدیت، تعلیمی

قابلیت، تجربہ ڈومیسائل کی ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)ہر ضلع میں قائم ہونے والے بہبود آبادی ویلفئیر سنٹرز کی تفصیل (ضلع، تحصیل، یونین کونسل) میں کام کرنے والے ملازمین کی فہرست سنٹر وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:22 AM - Wed
**Question # 742**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیاحکومت کاسیاحتی مقامات پرWinter Sports Ski Resortsکی سہولیات کی فراہمی اور سڑکوں کو تعمیر کرنے کا کوئی پروگرام ہے ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:25 AM - Wed
**Question # 747**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں کہ

(الف) خیبر پختونخواکے سیاحتی مقامات ناران اور کاغان میں سیاحوں کے تحفظ اور صحت سے متعلق حکومت نے کیاسہولیات فراہم کیں ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:27 AM - Wed
**Question # 703 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**Mrs/Ms Shehla Bano, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Health state that

(a) Is it true that 19 new air conditions were stolen from Hayatabad Medical Complex?

(b) If reply of (a) is in affirmative then:

(i) What steps were taken against the culprits and in how much time the inquiry will be completed.

(ii) Who is responsible for this mishap /blunder?

(iii) Did the department suspend anyone from competent authority in this regard? Provide detail.

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:30 AM - Wed
**Question # 865**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال 2021-22اور 2023-24میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈز ملے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو مذکورہ مالی سال میں ملنے والی رقم کو کہاں پر کتنا کتنا خرچ کیاگیااور کتنے فنڈز مختص ہوئے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:31 AM - Wed
**Question # 704**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلع ایبٹ آباد میں کٹیگری ڈی کے کتنے ہسپتال، بنیادی مراکز صحت، آر ایچ سیز اور ڈسپنسریاں کہاں کہاں پر قائم ہیں؟

(ب)مذکورہ ڈسپنسریوں، بنیادی مراکز صحت میں کتنے کرایہ کی بلڈنگ میں قائم ہیں۔ان کاماہانہ کرایہ کتنا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:00 AM - Thu
**Question # 912**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ سال2018سے2024 ستمبر تک محکمہ میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i)آیاان بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟اگر کوٹہ موجود تھاتوکتنا تھااوراس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یانہیں اور کتنی سیٹیں تاحال خالی ہیں

(ii)مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اورپتہ فراہم کی جائیں۔نیز اقلیت، خواتین اور معذور جوکوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں۔ان کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:05 AM - Thu
**Question # 722**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)پشاور پولیس سروسز ہسپتال میں سی۔ٹی سکین مشین کب فراہم کی گئی اور روزانہ کی بنیاد پر اس مشین کے ذریعے کتنے مریضوں کو سہولت دی جارہی ہے۔سال2018ء سے تاحال مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:17 AM - Thu
**Question # 849**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف جیلوں میں قیدی مختلف بیماریوں کاشکار ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ حکومت قیدیوں کو علاج معالجے کی سہولیات بھی فراہم کرتی ہے؟

(ج)اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہوتو:

(i)جیلوں میں قیدیوں کو بیماریوں سے بچاؤاور تشخیص کے لئے کون کونسے سہولیات فراہم کی جاتی ہے؟

(ii) تمام قیدیوں کے مختلف میڈیکل ٹیسٹ ریگولر بنیادوں پر کئے جاتے ہیں اور کتنے عرصے بعد دہرائے جاتے ہیں؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:20 AM - Thu
**Question # 853**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف جیلوں میں قیدیوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے محکمہ بجٹ مختص کرتا ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو صوبے کے جیلوں میں سہولیات کی مد میں سالانہ کتنا بجٹ مختص کیا جاتا ہے؟تمام جیلوں کی گزشتہ 3سالوں کی بجٹ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:21 AM - Thu
**Question # 929**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حلقہ PK-32لوئر کوہستان میں مختلف قسم کے BHUsاور RHCsکے ساتھ ایک THQہسپتال بھی موجود ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)مذکورہ BHUsاور RHCsمیں کتنے فعال اور غیر فعال ہیں؟غیر فعال کی وجوہات بتائی جائیں۔

(ii)مذکورہ THQہسپتال پٹن میں کون کونسا عملہ تعینات ہے اور اہل علاقہ کوکیاکیا سہولیات دی جارہی ہیں؟

(iii)آیاTHQہسپتال دونوں تحصیلوں کے لئے کافی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبرپختونخوا

چھٹے اجلاس کا چودواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جوکہ 12 مئی 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date : Mar 21, 2025 -- 10:30 AM - Fri**
**سوال نمبرQuestion # 787**
**Sent to Dept Date: Mar 27, 2025 - Thu**
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لینڈ کمیشن خیبر پختونخوا کی ملکیتی زمین جو کہ 232 کنال اور 02 مرلے تھی، اس کو (Khyber Pakhtunkhwa Economic Zones Development and Management Company KPEZDMC) کیلئے مختص کی گئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو درج بالا زمین کس طریقہ کار کے تحت (KPEZDMC) کو مختص کی گئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date : Mar 21, 2025 -- 10:33 AM - Fri**
**سوال نمبرQuestion # 795**
**Sent to Dept Date: Mar 27, 2025 - Thu**
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف موضع جات کیلئے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کے ذریعے زمینوں کے نرخ مقرر کر رکھے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ نرخ کس ضابطہ وقانون کے تحت طے کئے جاتے ہیں اور کیا یہ مارکیٹ ویلیو کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں؟

**Notice Date : Apr 07, 2025 -- 03:15 PM - Mon**
**سوال نمبرQuestion # 953**
**Sent to Dept Date: Apr 11, 2025 - Fri**
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ٹیوٹا کے نام سے ادارہ موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ٹیوٹا (Vocational Training Authority & Technical Education) کے قیام سے لیکر اب تک کن کن محکموں کی لیبرز کو تربیت دی گئی ہے؟ تربیت شدہ لیبرز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) ٹیوٹا نے پچھلے چار سالوں کے دوران تمام محکموں کی لیبرز کی تربیت پر کتنا خرچ کیا ہے؟ خرچ شدہ رقم کی الگ الگ اور مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Apr 07, 2025 -- 03:16 PM - Mon**
**سوال نمبرQuestion # 956**
**Sent to Dept Date: Apr 11, 2025 - Fri**
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا وائلڈ لائف اینڈ بائیوڈائیورسٹی ایکٹ کے باب III کے قوانین کے تحت بغیر اجازت نامے کے شکاری بازوں کے ذریعے شکار کرنا ممنوع ہے؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) خیبر پختونخواہ کے شہریوں کو شکار کے اس ثقافتی عمل میں حصہ لینے کی اجازت کے لئے اجازت نامے کیوں جاری نہیں کئے جا رہے؟

(ii) گزشتہ دس سالوں میں کتنے اجازت نامے جاری کئے گئے ہیں اور اسے جاری کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(iii) اگر اجازت نامے محدود ہیں تو ان کے اجراء میں رکاوٹ بننے والی مخصوص وجوہات کیا ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Apr 07, 2025 -- 03:17 PM - Mon**
**Question # 952**سوال نمبر
**Sent to Dept Date: Apr 11, 2025 - Fri**
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وائلڈلائف ایکٹ کی شق 15 کے تحت محفوظ شدہ جانوروں کی ملکیت کو ریگولیٹ کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ پنجاب کی نسبت خیبر پختونخواہ میں گوس ہاک کی درآمد پر پابندی کیوں ہے؟ نیز دیگر جانوروں کی درآمد کی اجازت کے باوجود گوس ہاک کی درآمد میں کونسی مخصوص رکاوٹیں ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Apr 07, 2025 -- 03:26 PM - Mon**
**Question # 959**سوال نمبر
**Sent to Dept Date: Apr 11, 2025 - Fri**
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت وحرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں فنی تعلیم کے ادارے موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) ان اداروں کی نوعیت کیا ہے؟ ہر درجے / کیٹگری کے کتنے کتنے ادارے موجود ہیں؟ اور ان میں خواتین کے لئے کتنے ادارے مختص ہیں؟ تفصیل فراہم کریں

(ii) ان اداروں سے سالانہ کتنی طالبات فارغ التحصیل ہوتی ہیں؟ ان کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Apr 10, 2025 -- 02:23 PM - Thu**
**Question # 983**سوال نمبر
**Sent to Dept Date: Apr 15, 2025 - Tue**
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی - پی کے(95)

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) معدنیات کی کل کتنی قسمیں ہیں۔ سوپ سٹون کے علاوہ جن کمپونیوں نے لیز یا اپلائی کے لیے افر کی اسکی تفصیل فراہم کریں؟

(ب) سوپ سٹوّن کا جو سٹاک ضلع کرم کے گوداموں کے اندر پڑا ہے کیا اسی طرح پڑا رہے گا؟ کیا یہ مال خراب نہیں ہو گا؟ گوداموں میں پڑا مال کب تک وہاں سے نکال دیا جائے گا۔ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date : Apr 10, 2025 -- 02:24 PM – Thu**
**Question # 984**سوال نمبر
**Sent to Dept Date: Apr 15, 2025 - Tue**
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی - پی کے(95)

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کرم میں کل کتنی معدنیات کے کارخانے ہیں؟ ان میں کتنے لیز پر دیئے جا چکے ہیں؟ اور کل کتنے اپلائی ہو چکے ہیں؟

(ب) لیز دینے کے لیے کیا طریقہ کار ہے جن کی لیز ہو چکی ہے ان کا ٹائم پریڈ کتنا ہو گا؟ پورا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Apr 10, 2025 -- 02:39 PM - Thu**
**Question # 970**سوال نمبر
**Sent to Dept Date: Apr 14, 2025 - Mon**
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت وحرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع اورکزئی (سابقہ فاٹا) محکمہ صنعت وحرفت اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے شعبے کے لئے 25-2024 میں ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ اس میں سے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ اور کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Apr 10, 2025 -- 02:44 PM - Thu**
**سوال نمبرQuestion # 981**
**Sent to Dept Date: Apr 15, 2025 - Tue**
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جدید دور میں فنی تعلیم کو نئے خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ نے کیا کیا عملی اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ii) اس کیلئے موجودہ بجٹ میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟ اور اس سے صوبے کی فنی تعلیم پر کیا کیا مثبت اثرات / نتائج مرتب ہونگے؟

(iii) اس ہدف کے حصول کیلئے کوئی خصوصی / فنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ کمیٹی کے ممبران کے نام، فنی قابلیت اور اب تک حاصل شدہ کامیابیاں / نتائج کی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبرپختونخوا

چھٹے اجلاس کا پندرواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 13 مئی 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 10:08 AM - Fri
سوال نمبر **Question # 937**
**Sent to Dept Date:** Apr 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبپاشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ چشمہ رائٹ بنک کنال ڈیرہ اسماعیل خان سے محکمہ واپڈا اور محکمہ آبپاشی کے ذریعے ضلع کی ذیلی نہروں کو کتنے کیوسک پانی فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو چشمہ رائٹ بنک کینال سے ضلع کی جن ذیلی نہروں کو باقاعدہ پانی کی نکاسی کی جاتی ہے اور ان نہروں کے نام اور پانی کی مقدار کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 10:38 AM - Fri
سوال نمبر **Question # 935**
**Sent to Dept Date:** Apr 07, 2025 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بحالی و آبادکاری از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2022 کے سیلاب کے بعد حکومتی سروے کے مطابق مقامی لوگوں کی املاک تباہ ہوئی تھیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مذکورہ متاثرین کو امداد دینے کا اعلان کیا تھا اور بعض متاثرین میں چیک بھی تقسیم کیے گئے تھے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) جن متاثرین لوگوں میں چیک تقسیم کیے گئے ہیں ان کا شناختی کارڈ نمبر، ملنی والی امدادی رقم بمعہ مکمل ایڈریس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) جن گھرانوں یا خاندانوں کو امدادی رقم تاحال نہیں ملی ان کو امدادی رقم کب تک ملے گی؟

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 10:39 AM - Fri
سوال نمبر **Question # 934**
**Sent to Dept Date:** Apr 07, 2025 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بحالی و آبادکاری از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ موسمیات کی طرف سے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں امسال سیلاب کے خطرے کی پیشنگوئی کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس سلسلے میں صوبائی حکومت نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان اور بالخصوص تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی میں سیلاب سے بچاؤ کے لیے کیا اقدامات اٹھا رکھے ہیں۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 10:51 AM - Fri
سوال نمبر **Question # 862**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کے سالانہ ترقیاتی پروگرامز میں حلقہ پی کے۔1 چترال کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟

(i) مذکورہ فنڈ میں سے کتنی رقم جاری ہوئی تھی اور کتنی خرچ ہوئی؟

(ii) مذکورہ خرچ شدہ فنڈ کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 26, 2025 -- 01:00 PM - Wed
سوال نمبر **Question # 921**
**Sent to Dept Date:** Apr 07, 2025 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبپاشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کی زیر نگرانی ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے مختلف علاقوں میں ٹیوب ویل بور ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)سال 2024 سے تاحال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں ضرورت کی بنیاد پر کتنے بور، کہاں کہاں پر، کتنی لاگت میں، کس طریقہ کار کے تحت لگائیں گئے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)نیزان میں کتنے ٹیوب ویل سولارائز کئے گئے ہیں؟ مع Co-ordinates سکیم کے نام کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔